جو تو او شہسوار حسن آتا ہی مری گھر پر
مہ نو نعل بنتا ہی نہین پر تیری گلگون کا

بسحر حق نی کیا ہی وصف اوسکی چشم و ابرو کا
کلام اللہ مین آیا ہی سورہ صاد و کانون کا

قرار ہجر مین ای اشک مہ ہمین کب تھا
کہ رات بھر شرر افشان ہر ایک کوکب تھا

خوشی کا ہجر مین سامان بن آپکی کب تھا
ہلال عید ہمین شک نیش عقرب تھا

ہر ایک معنی مستہ بنگیا رگ یاقوت
رولانا ہجر مین خون پہ تصویر تھا

بچا لیا لب جانبخش کی تصور نے
ہمین فراق مین صبنی کا آسرا کب تھا

مری ولای علی ہی خمیر ہی طینت
ازل سی تا ابد واون مین بند مشرب تھا

گھٹا یہ نور قمر جب وہ بی نقاب ہوا
کہ جرم ماہ پہ سب کو گمان کوکب تھا

ملا گلی سی نہ افسوس وہ مہ خوبی
نہ عید کو بھی برا یا جوبل کا مطلب تھا

وہ ماہ بام پہ جب بیحجاب آتا تھا
تو لکھنؤ پہ گمان سواد بخشب تھا

سوار کون ہوا چاندنی کی سیر کو رات
کہ نور صبح سی روشن غبار موکب تھا

امید وصل پہ کاٹی ہی ہجر یار کی رات
ہجوم درد سی حال اپنا ورنہ بیدہب تھا

مسی نی شب یہ دیا حسن شمع کو فروغ
چمک مین ہر در دندان مثال کوکب تھا

مین اوس مدرسۂ اول کا ہون سحر مداح
کہ جبرئیل امین جسکا طفل مکتب تھا

ایسا تپ فراق نی لاغر بنا دیا
جسم نزار رشتۂ بستر بنا دیا

رویا جو یاد کر کی مین دندان صاف یار
ہر اشک آبدار کو گوہر بنا دیا

رنگ مسی سی سرخ لبون کی ہوئی بہار
گلبرگ تر کو لالۂ احمر بنا دیا

اک شعلہ رو نگار کی سوز فراق نی
دل کو سپند سینہ کو مجمر بنا دیا

اوس بت پہ کچھ اثر نہ کیا اپنی آہ نی
کیا دل غرور حسن نی پتھر بنا دیا

کرتی ہی کاوشین مژگان سی لصد خلش
ہجر صنم نی آہ کو نشتر بنا دیا

خون جہان کی حشر کو ہی اوس سی باز پرس
جسنی کہ میری ترک کو خنجر بنا دیا

ساقی نی اپنے ہاتھ سی مجکو جو دی شراب
ساغر کو آفتاب منور بنا دیا

ای گل جبین راہ مین تیری رخ نور بخش نے
سورج مکھی کو مہر منور بنا دیا

سودائی اپنا کر کی تری گیسوؤن نے یار
شب ہای تار کا مجھی خوگر بنا دیا

مجکو سحر کیسی کمر کی فراق نی
تار نظر کی طرح سی لاغر بنا دیا

تیری ہر موی مژگان نوس بت خونریز کا
ابرو خمدار مین جوہر ہی تیغ تیز کا

ہی جہان دیوانہ بوی زلف عنبر بیز کا
صید آہوی ختن ہی دیدۂ خونریز کا

کیون نہ ہر دم ہو سمند حسن جانان تیز تگ
سایۂ زلف سیہ مین ہی چلن مہمیز کا

یار کی لبہای شیرین کا ہوا جسدن نشہ ور
خون مرقد مین ہوا دل خسرو پرویز کا

دشت کو جب مین سدھارا توسن وحشت گیا
خار صحرا مین اثر پیدا ہوا مہمیز کا

گر مزہ بعد مرگ خاک عاشقان برباد مفت
توسن جانان نہ کر آہنگ جست و خیز کا

بسکہ کرتا ہی وہ قاتل سر نو مشق قتل عام
میان مین خنجر نہین رہتا کبھی خونریز کا

عشق شیرین مین کیا کیون آپکو تیشہ سی قتل
کوہکن نی سر نہ پھوڑا خسرو پرویز کا

یاد چشم مست ساقی کی جو رہتی ہی سحر
چشم گریان مین ہے عالم ساغر لبریز کا

کسنی بی رنج رہ عشق مین رہنا پایا
ہاتھہ موسی نی جلا کر ید بیضا پایا

پائی جان روح ملی نور تجلا پایا
جسنی پایا تجھی اوسنی نہین کیا کیا پایا

لاکھہ غنچی ہوی گل باغ جہان مین لیکن
غنچہ لب کا ترے ہمنی شگفتا پایا

ہی تصور جو ترا گوش صنم کا اوسکو
واہ قسمت نی عجب عرش کا تارا پایا

سیر کی ہمنی خرابات جہان کی برسون
نہ مگر کوئی حسین دہر مین تمسا پایا

آگیا دھیان مجھی اپنی گرفتاری کا
دل کسیکا خم گیسو مین جو لٹکا پایا

کیون خوشی سی نہون مین صورت ساغر خندان
جام می ہاتھہ ہی ساقی کی چھلکتا پایا

ای سحر پالون ترہ عشق مین دھرتی تو ہین آپ
جان کا ہمنے اسی راہ مین کھٹکا پایا

شب ہجران جانان مین تخیل ہی مژگان کا
کہ جسکا ایک شعبہ ہی تپش نامزع بسمل کا

زیادہ ہو مجھی وہ سایہ بال ہما سی بھی
پڑی سر پر مرے سایہ اگر شمشیر قاتل کا

میان چکا دیتی کا نہین ہی گرد چہرہ کے
مہ نو دیکھہ لو ہالہ بنا ہی ماہ کامل کا

تماشا کر چکی آوارہ خون شہیدان کا
ٹھہر کر کوئی دم تو دیکھتی اب رقص بسمل کا

نشانہ تیر غیرت کا بنا ہی دیکھہ وہ انکھین
مشبک ہی اسی سی دیکھہ لو بادام کا جھلکا

جلون مین اوسکے پہونچی تاب وہ شان ہی اوسکے
عجبی ہی شک آتا دیکھہ تہ حسن محفل کا

جلا پاتی نہ کیونکر عشق سر کٹنی سی عاشق کے
فزون ہوتا ہی سر کٹنی سی جلوہ شمع محفل کا

ہوئی منظور آرائش جو گھر کی آینہ رو کو
لگایا اپنی گھر مین آینہ اوسنی منزل کا

مین ہنسنا بولنا اوس گل سی اپنا یاد کرتا ہون
نظر آتا ہی گلشن مین چمکنا جب عنادل کا

ترے چاہ ذقن مین دیکھتا ہون دل جو عاشق کا
تو مجکو یاد آجاتا ہی قصہ چاہ بابل کا

جگہ سونی کوئی ایسی بھی گنج شہیدان مین
مری سر پر یہ احسان رہگیا شمشیر قاتل کا

مقر اہل زبان کیونکر نہ ہوئین فکر صائب کے
سحر دیوان میرا رشک ہی دیوان بیدل کا

پلائی گر وہ گل گلشن شباب شراب
ہو یو مین شک وہ نکہت گلاب شراب

خوش آئی فرقت ساقی مین کیا کباب شراب
گزک ہی لخت جگر دل کا خون ناب شراب

وہ رشک مہر جو ہی ہو کی ہیجاب شراب
تو موج بادہ بنی برق آفتاب شراب

یہ دور چشم صنم مین ہی مانہی سرخوش
کہ پی رہی ہین بھم رند و شیخ و شاب شراب

چمن مین جوش گل و سبزہ ہی لب جوے
ہوا و ابر ہی لا ساقیا شتاب شراب

جو مست الفت ساقی ہین وہ قیامت کو
اوٹھینگے قبر سی کہتی ہوی شراب شراب

وہ ماہ نشہ مین شب ہو گیا خفا ہمسی
ترا برا ہو بس اے خانمان خراب شراب

بہ نشی مین بھی کہلا ہستی شوخ مست کا دل
کہان مزاج کا کرتی ہی انقلاب شراب

ہی عکس عارض خورشید وار ساقی سے
پیالہ برج شرف رشک آفتاب شراب

سمجھتے ہین اوسی بہتر ہم آب حیوانسے
جو تیری ہاتھ سی ہو یار دستیاب شراب

جو لی وہ دست حنائی مین شیشہ می کو
تو عکس عارض گلگون سے ہو شہاب شراب

جو مست الفت آل نبی ہین اونکو سحر
بروز حشر پلائینگے بوتراب شراب

بسکہ یاد زلف مین ہی جانگداز فرقت کی شب
ہی رم اشک مرا سرد ہوا فرقت کی شب

تھی شرر افشان جو آہ شعلہ آسا فرقت کی شب
قافلہ آتشبار یکا گردون نیلوفرقت کی شب

ہین مہیا سارے ساماں قضا فرقت کی شب
ہوگا اب ہر روز کا جھگڑا ادا فرقت کی شب

تا رہی ہین انگیز فشاں اوس غیرت مہتاب بن
چرخ آنکھون مین چبھنی بنگیا فرقت کی شب

تا رہی چشم غزال اور چاندنی دیو سفید
اوس پری بن ہی مجھی کالی بلا فرقت کی شب

دل ہی ہی غم درد دیکھون چاندنی یا جان شاد
آئی گھر مہری اگر وہ مہ لقا فرقت کی شب

وصل مین تنگی خجالت بسکہ ہی اسکا خیال
کر نہین سکتا مین اوس سے گلا فرقت کی شب

زندگی بی لطف ہی برہم نہین وہ آفتاب
می کی بدلی زہر ہی ساقی بلا فرقت کی شب

یاد آئی کسکی رفتار قیامت اسمجھے
آفتاب حشر ہر ذرہ بنا فرقت کی شب

اوس مہ پردہ نشین کا جبکہ آتا ہی خیال
آنکھین دکھلاتی ہین تارے تا فرقت کی شب

صدمہ دوری سے آئی لاکہ ہر ہی لب پہ جان
میر ہی مین تجھا کیا باقی ہا فرقت کی شب

تو تو تھا مشغول سیر باغ وہان غیر کی ساتھ
رات بھر پہلو مین سر پٹکتا مین ہا فرقت کی شب

ہر در و دیوار پر اک عالم گلزار تھا
خون سے تازہ ترگل کھلگیا فرقت کی شب

چشم اگی مجکو ہر اک روزن و دیوار سے
گھر کا در ہا دیدہ ہی کام آیا فرقت کی شب

ہجر مہوش مین نظر آیا جو مجکو ماہتاب
دل کتان کا پہریرہ ٹکڑے ہوگیا فرقت کی شب

آفتاب حشر سان مجکو جلاتا ہی قمر
کم نہین روز قیامت سے ذرا فرقت کی شب

قصہ کوتہ دل سہلنے کی کوئی صورت نہ تھی
گر نہ ہوتا ذکر لب پر لب کا فرقت کی شب

خون دل سی سینچہ مژگان نگارین کیون نہو
لالہ رو ہاتھو نہین ملتا ہی حنا فرقت کی شب

دل پر اک بجلی گری جب یاد آیا ہمدمو
اوس پری کا خندہ دندان نما فرقت کی شب

زخم دل پر تن سی چھڑکا نمک اے اشک نے
چاندنی دیتی ہی کیا کیا ذرا فرقت کی شب

وصل مین کاہیکو ہوتی پھر ندامت اسقدر
تجھپہ گر ای ماہ ہوتا فدا فرقت کی شب

دل لگانی کو کرینگی ہم بھی ذکر طول زلف
جسقدر جی چاہی بڑہ لیجیو فرقت کی شب

ساقی سیمین کے تصور مین جو تھا سو گداز
شمع آسا جسم جل جلکر گھلا فرقت کی شب

اسقدر ایذا اوٹھائی ہی کہ مر مر کر بچا
پھر نہ دکھلاتا سحر کو یا خدا فرقت کی شب

رشک گل کو چہ تر اگر دیکھہ پائی عندلیب
آشیان اپنا گلستان سے اوٹھائی عندلیب

گر کرے تاثیر آہ شعلہ زائی عندلیب
دست گلچین آتش گل سی جلائی عندلیب

تو اسی شبنم ادای گلچین بی پروا سمجھ
دامن گل پر ہین اشک دیدہائی عندلیب

بلبل شیدائی پر گلہون کی اشک حسرت کی عوض — خون دل آنکھون سی لازم ہی بہائی عندلیب

کیون نہ روتا دیکھکر مجکو ہنسی وہ غنچہ لب — نغمہ شادی ہین گل کو نالہائی عندلیب

سبزۂ نوخیز کا اوس غنچہ لب کے ہون اسیر — موج رنگ گل ہوئی زنجیر پائی عندلیب

دیکھ پائی گر مری اوس سرو گلرخسار کو — قمقمی ہون کبک کی فریادہائی عندلیب

دام زلف پرشکن مین ہی دل نالان پھنسا — سنبل پیچان ہوا زنجیر پائی عندلیب

عشق گل مین خاک گلشن کو ہی سرمہ جانتے — خار مژگان ہین برائی دیدہائی عندلیب

عاشق گلرو ہون کہان پاس صنعت کی ہی — برگ گل تربت پہ لالا کر چڑھائی عندلیب

سیکھ لی عاشق نوازی نازنینو نسی صنم — گل کی سر پر ہی جہان جاہی پائی عندلیب

کیون کمر نسی تیری ہی بلبستہ نہون تا نفس — رشتۂ جان ہر گ گل ہی برائی عندلیب

پھولی خار تیری اک نظر گر دیکھ پائے — آنکھ پھر گل پر پڑی تو خار کہائی عندلیب

تیرہ بختون کو سحر دیکھا نہین رنگین بیان
نزاع کو ہی کو ملی کسدن صدائی عندلیب

دیکھ لی بی پردہ گر وہ پرنور آفتاب — شرم سی دن دوپہر ہو جاہی مستور آفتاب

کیون نہو تجھی خجل ای شعلۂ طور آفتاب
برق دندان جلوۂ رخسار پر نور آفتاب

تب سے سر رہتا ہی ہمیشہ زیر و زبور آفتاب
شاید اوسکی چشم جادو کا ہی مسحور آفتاب

آنکھ کس منہ سی ملائی چشم بد دور آفتاب
تجھسے ہمچشمی کا کب کہتا ہی مقدور آفتاب

صبح گردن شام گیسو قد شہاب ابرو ہلال
دانت تارے منہ جبین رخسار پر نور آفتاب

حسن تیرا قدرت یزدان ہی تو ہی بی نظیر
ہین خجل آگی تری ماہ و پری سعد آفتاب

جوہر عالی طبع فیض اونکا نہی یک و بعید
نور بخش دہر ہی ہر چند ہی دور آفتاب

اپنی چشم مست کا سرخوش ہی تو اے شوخ رشک مہر
ورنہ کسنی آج تک دیکھا ہی مخمور آفتاب

تیری آگی ای سیہ مست اوڑ گیا چہرہ کا رنگ
ہی سفید ابرج وزان مثل جام بلور آفتاب

کور باطن کو بھلا خوش آتی کب میرا کلام
قدر کب کہتا ہی پیش چشم بی نور آفتاب

منفعل ہی بسکہ تیری حسن عالم سوز سے
منہ اودہر کرتا نہین ای شعلۂ طور آفتاب

بیحیائی ہی اگر ہی گرم لاف ہمسری
آپنے خوش پوشاک ہین و رباتن عور آفتاب

ہمسری تیری کف پا سی کی منی کیا تاب ہے
حسن مین ہر چند ہی ایجان مشہور آفتاب

اک نظر کردہ کف پا ہی حنائی دیکھ پاے
رنگ چہرہ سی اوڑی ہو جاے کافور آفتاب

سلک دندان ترے خ انور کی کھلا آب آفتاب
برق ہو سیماب ہو جاہی کا فور آفتاب

وہ بلا کوشش ہی ہر داغ تن مجروح مین
دیدۂ عاشق مین ہے اک قطرہ کافور آفتاب

تو جو ہو ہر ہفت سی آراستہ قربان ہون
بدر زہرہ ماہ نو غلمان پری حور آفتاب

اللہ اللہ عکس رخسار منور کا فروغ
آینہ بنجاتا ہی ای غیرت حور آفتاب

ایک شب تجھسی کہی گر اقتباس نور شمع
تا قیامت ماہ سی ہو سائل نور آفتاب

پائی گر اوس زہرہ وش کو مائل رقص و سرود
نذر دی تا رشعاعی بہر طنبور آفتاب

جلوۂ روی مخطط سی ہوا روپوش کیا
آج ہالی مین نظر آتا ہی محصور آفتاب

چشم کی مستی کا باعث ہی فروغ حسن رخ
می نہو جب تک نہ دیکھی آب انگور آفتاب

پی کی می اوس شوخ نی چہرہ کو دی ہی آب
دیکھ لی دیکھا نہو جسنی کہ مخمور آفتاب

جلوۂ عارض نی تیری ہی گھٹایا اسقدر
تر مریضی کم ہے مش چشم ای حور آفتاب

سامنی تیری مرنی دیک ہی باشستہ
آپکو نخوت سی کہتی بہت دور آفتاب

تیر مژگان کا نشانہ گر کری ابرو کمان
رخنہ رخنہ ہو لیان تا بینور آفتاب

آتش رشک رخ روشن سی جلتا ہی مدام
کیا علاج اسکا طبیبو ہی مجبور آفتاب

اسکی آمد دیکھکر مجھسی ہوا وہ مہ جدا
کہدو اب میری سیہ خانی شبی دور آفتاب

گرمی بازار سخوت سرد کرانی ہرش
زلف شبگون کو اوٹھا خی ہو کافور آفتاب

سایہ سان پیچہا نہ چھوڑونگا تراشک پرے
دیکھنی دونگا نہ شبکو تا بمقدور آفتاب

عکس روی روشن ساقی سی کیا چمکی شراب
جلوہ گر پایا میان جام بلور آفتاب

جوہی عالی رتبہ ادنی سی نہو خواہان فیض
ماہ کا احسان نہین کرتا ہی منظور آفتاب

بیحجابی عالم مستی مین ہی عین حجاب
پردہ مینا مین کب ہوتا ہی مستور آفتاب

کیون نہو تیری در دولت پہ ضرصبحدم
آینہ داری کی خدمت پر ہی مامور آفتاب

جلوہ کسکی روی روشن کا ہوا پرتو فگن
بنگیا ہی خاک کا ہر ذرہ پر نور آفتاب

جا سحر کو دینا سایہ مین لوای حمد کے
یا علی جب ہو سوا نیزی پہ محشور آفتاب

جان بلب عیسی نفس ہی ہجر کا بیمار آپ
بی سبب کیون ہو گئی ہین دل آزار آپ

دیدہ و دانستہ فتنہ کرتی ہین بیدار آپ
دیکھتی چلتی ہین اپنی شوخی رفتار آپ

کسکو دمکاتی ہین ہر دم کھینچکر تلوار آپ
مرتی ہین مجروح ناز ابرو خمدار آپ

بل دیا کرتی ہین کیون دن بھر سن سن بات — حلقہ حلقہ ہی کمند کاکل خمدار آپ

گر خریدار کی کہین ای مشتری خسار آپ — ماہ کنعان آئی بکنی کو سر بازار آپ

قہر سی دیکہین نہ سونی گن گلزار آپ — آنکھہ دکھلاؤ نہ ہی یہ روز و بیمار آپ

چشم جادو گر سی لڑ لڑ کر ہلا مین ہمنشین — اپنی ہاتھون مول آنکھون نے لیا آزار آپ

منہ سی بولین یا نہ بولین پاس آئین یا نہ آئین — کیا ہمارا زور اپنی دل کی ہین مختار آپ

شکوہ وعدہ خلافی پر نہ بولی رات بھر — ہمسی اتنی بات پر ایسی ہوئی بیزار آپ

دود خط گہیرے کیا اکدن شعلۂ رخ کو ترے — سرد ہو جائیگی ساری گرمی بازار آپ

چاہیے کہنا خیال آغاز مین انجام کا — حسن پر اتنا نہ اترایا کرین نہ نہار آپ

سدرہ ہی غیب قاصد کیا ملائی کوئی آنکھہ — چشم دربان بنگیا ہر روزن دیوار آپ

باہین گردن مین چہوڑ الین ناز سی بولا وہ گل — منہ لگاتی ہی ہو میری گلی کی ہار آپ

رہتی ہین ہر دم گریبان گیر اوجہتی ہین مدام — بات کہتی ہوتی ہین اتو گلی کا ہار آپ

رہتی ہمنی دکھایا کر چکا جب وہ بناو — صورت تصویر حیران ہگیا دلدار آپ

کیا کسیکو ہو بھلا وعدہ وفائی کی امید — شام تک ہین بھول جاتی صبح کا اقرار آپ

آنکھہ ہی چشم سحر سامری چتون فسون
لب ہین عیسی کہتی ہین انجان کی گفتار آپ

گاہی ماہی آئی بھی تو ساتھہ لائی غیر کو
ایسی ملتی سی مجھی ای یار ہی کا آپ

روزہ دارون کیطرح اکدن مرے گھر بھی ہو عید
کاش دکھلاوین ہلال ابرو خمدار آپ

وعدہ فردا وفا ہوگا نہ تا فردای حشر
واہ ای صاحب ہین کتنی صادق الاقرار آپ

دیدہ و دانستہ اوسکی چشم کی عاشق بنے
ای سحر ہمسی جو پوچھو تم ہوی بیمار آپ

ہین شب یلدا سی طرہ لانبی اگر گیسوی دوست
تارہی ہین افشان کی ذہنی کامل زنگی دوست

آنکھہ نرگس ہی بعینہ گل سی نگہین روی دوست
زلف سنبل ہی صنوبر قامت دلجوی دوست

مشک افشان فرہین اگر خال سیاہ وی دوست
دود و عنبر آتش رخسار پر ہین بوی دوست

چال آفت ہی قیامت قامت دلجوی دوست
آفتاب روز محشر ہی فروغ روی دوست

لوٹتی ہین سانپ چھاتی پر مری فرقت کی رات
یاد آجاتا ہی جب پیچ و خم گیسوی دوست

حور ہی نظر و نمین میری وہ بت عالم فریب
جنت الماوی سی بہتر ہی بہار کوی دوست

زندگی سی موت بہتر ہی اگر ہنگام نزع
چہرہ ہو پیش نظر اور زیر سر زانوی دوست

ہی کف پا غیرت آئینۂ اسکندری
جام جمشیدی ہین گویا کاسۂ زانوی دوست

نکہت گل سی ہمارا مشک ہوتا ہی دماغ
لا ہماری سمت باد صبحگاہی لیجی دوست

بسمل تیر نگہ ہی طائر قبلہ نما
روی دل رہتا ہی سوی کعبۂ ابروی دوست

مثل ہون مثل شانہ یارب دست مشاطہ شکست
ناگنی اوسنی بنائی صاف جعد موی دوست

کوڑ یا لا سانپ آبیٹھا ہی گنج حسن پر
سلک گوہر سی نہین اولجھا ہوا گیسوی دوست

سیج پر پھولونکی سوجاتا ہی جب وہ نازنین
صدبرگ گلبرگ سی چھلتا ہی پہلوی دوست

روضۂ رضوان ہی اوس رشک چمن کا خانہ باغ
حور کی پہلو سی بہتر ہی کہین پہلوی دوست

صاف ہی حالی کی کرتی کی شانہ سی عیان
کھل گیا ہی جوہر آئینہ پہلوی دوست

وہ ہی گر نکروہ تو یہ بیگمان ہی ہان روح
روی دشمن سی مشابہ ہی نہایت خوی دوست

گر یہی جا کر بانون پر غش کا بہانہ کیجیے
سر کسی صورت تو پہونچی تا سر زانوی دوست

چشم مرہم خیرہ ہوتی ہی شعاع نور سے
پنجہ شعلہ شاخ نخل طور ہین بازوی دوست

مین کرون تسخیر دنیا ہاتھ آئی جو اوسکا دست بند
صرف جان سمجھون ملے گر جوشن بازوی دوست

آنکھ قاتل سی لڑی ہی کہین خونخوار و سحر
دل پہ خنجر زن ہی ہر مژہ غمزہ ابروی دوست

بنی دلمین تبان خود سر خود کام کی صورت
نظر کعبہ مین پھر آنی لگی صنم کی صورت

بنائی رنج فرقت نی یہ مجھ ناکام کی صورت
نہ دیکھی خواب مین بھی راحت آرام کی صورت

لگے سوزاں سی سینہ ہی حمام کی صورت
مکدر رو دل ہی چشم ہی کلجام کی صورت

چمن سکیش ہی نرگس مخمور ساقی مین
ہر اک غنچہ ہی شکل شیشہ اور گل جام کی صورت

ہجوم ضعف سی دست و زبان بیتاب تھی مین تو
نہ کیون ہو جائے خط نامہ پیغام کی صورت

ہوا ہی زندگانی ساز شہنائی غم
بجھا دل ماہتابی پر چراغ بام کی صورت

خطا ہی دیدہ و دانستہ کیا تشبیہ دی عاقل
کہان وہ چشم فتان اور کہان بادام کی صورت

دماغ میکشی کب ہی خیال چشم و ابرو مین
نہ اوترا طاق سی شیشہ ندیکی جام کی صورت

حذر کرتا ہی گردون سی نہ سنگ حوادث سی
اگر دو دل ہوتا تو رہتا دہر مین بادام کی صورت

فراق مہروشان مین لگے مشکین کا صورت سی
نہ کیون تاریک نظر دو نین سحر شام کی صورت

نظر آتا ہی پشت لب کا سبزہ عکس امرد سی
کہ ہی آغاز مین پیش نظر انجام کی صورت

جہان کو دست کرتا ہی نظارہ حسن ساقی کا
صراحی دار گردن ہی تو انکہین جام کی صورت

چمن کی سیر سی نفرت ہو ہر قمری و بلبل کو
جو دیکہین اوس سمن بو سرو گل اندام کی صورت

سحر صبح وطن بھی اب بنی ہی شام غربت
لیالی سی فزون تر ہی سیاہ ایام کیصورت

ہین نخل دار کوچہ دلدار کی درخت
سر بار لاتی ہین چمن یار کی درخت

ظاہر مین جا بجا غنچہ و گل اخگر و شرار
رشک چنار ہین مری گلزار کی درخت

کیا انتظار یار ہی او گتی ہین بعد مرگ
بالائی قبر نرگس بیمار کی درخت

لاشی لٹکتی ہین کہین لٹکی ہین سر کہین
مردم گیا ہین کوہ ستمگار کی درخت

عشق سہی قدان سی نہ پایا بر مراد
لائی نہ پھل کبھی مری گلزار کی درخت

للہ ری نور حسن خداداد کا فروغ
ہین نخل طور کوچہ دلدار کی درخت

جا سیر کو کہ نرگس حیران ہی تیری نظر
شبنم سی اشکبار ہین گلزار کی درخت

خط نی مٹا دیا ہی سحر حسن گلرخان
پر خار ہو گئی گل سیخار کی درخت

شمع سان روتی کٹی ہجر مین پر فن کی رات
رہی شب تار یک ہجر ان سے خجل ساونکی رات

اشکبار اصیا عقدہ نالہ ہی بدلی دود آہ

زلف کی پردہ میں دزدیدہ نگہ کرتی ہی قتل
پردہ داری کرتی ہی ہر روز دو ہر رات کی

جس مصیبت سے بسر کی ہی شب ہجران دوست
یون نہ بیتابی سی ای خالق کئی دشمن کی رات

بلبل نالان کی صیوت نغمہ زن تھا ہجر مین
سامنی تصویر تھی اوس غیرت گلشن کی رات

تھا جو مجھ دیوانہ کو گیسو کی بت سی سلسلہ
بیڑیان حدادی پہنائین سو سو من کی رات

جائنگی اوس گل کی کوچہ مین بھی تعبیر ہی
خواب مین دیکھی ہی ہمنی سیر گلشن کی رات

رنج فرقت مجکو عیش وصل غیرونکو نصیب
رو کی میرا دل کہان تک کئی شبمن کی رات

دیدہ تر کی سفیدی سیاہی سی کھلا
دونون آنکھین ہین ہی بھادون کے دن ساون کی رات

ایک ساعت بی خیال دست حنا کفر ہی
مرد عاشق تن کا دن ہی عاشق تن کی رات

ای سحر کس عیش ہی تنی بسر کی صبح تک
عید کا دن ہو گئی وصل پر فن کی رات

چپ کیون نہ ہی تازہ گرفتار محبت
واہو نہین سکتی لب اظہار محبت

بی مہر ہی وہ کب ہی سزاوار محبت
برہم زن ہنگامہ بازار محبت

بچتا ہی نہین صاحب آزار محبت
دشمن بھی نہ یارب ہو گرفتار محبت

معلوم ہوتب صدمۂ آزار محبت
اللہ کرے تو ہو گرفتار محبت

اک روز شگفتہ نہ ہوا غنچۂ امید
سینے مین کھٹکتا ہی ہا خار محبت

ہوتی ہی سحر مر گیا اے وائے شک مسیحا
آخر نہ سچا آپ کا بیمار محبت

کرتی ہو مداوا مرا بیکار طبیبو
اچھا نہین ہوتی کبھی یہ آزار محبت

یہ عاشق و معشوق مین بھی ربط نہو گا
الفت مری غمخوار مین غمخوار محبت

مر جائینگی اکدن جو یونہین عشق رہیگا
آخر مرض الموت ہی آزار محبت

آسان نہ تھا جسکو اوٹھالیتی فرشتے
انسان ہی تھا جس سے اوٹھا بار محبت

چوپھچھو جو دوا شربت دیدار دوا ہے
ہمکو مرض عشق ہی آزار محبت

عقبی مین جہنم سے یہ کیطرح بچینگے
دنیا ہی مین جلتی ہین گنہگار محبت

دشوار ہی چھپنا مین اگر لاکھ چھپاؤن
چہرے سے عیان ہین ہی آثار محبت

جو چاہی وہ دیکھی تعزیر ستمگر کو
موجود ہی حاضر ہی گنہگار محبت

شمع سان ہجر کی ہوتی ہی کٹی رات کی رات
شب ایام طپش ہو گئی برسات کی رات

کاٹی عیار نی شکوہ مین ملاقات کی رات
پار پر فن نی مری ساتھ عجب گھات کی رات

آہ کی درد سی ہوتا ہی جہان تیرہ و تار
ہجر کی دن کو بتاتا ہون مین برسات کی رات

یاد کاکل مین شب ہجر کا جو عالم ہی
کالی اسطرح سی ہوتی نہین برسات کی رات

باتین بہکی جو سنین کہکی شرابی اٹھا کر
طرفہ تقسیم مری یار نی اثبات کی رات

آیا وہ ماہ نہ شب کو تو قلق کی ہمارے
تارہی گنتی ہوی آنکھون مین کتنی رات کی رات

مجکو ہی عید او سی روز ملی تو جسدن
ہی شب قدر مجھی تیری ملاقات کی رات

یار سی روٹھ کی کروٹ کو بدلکر لیٹا
نہ تو بولا نہ ہنسایا ہی کچھ بات کی رات

کیا کہون ہای کٹی وصل کی شب کیسی جلد
ہو گئی صبح نہ مہلت ملی اک بات کی رات

شام سی صبح تلک سینہ زنی کی مینی
یاد آئی جو مری اگو ترے گات کی رات

کیون سحر کو نہ ہو دعوای سلیمانی آج
آگئی ہاتہ انگوٹھی جو تری ہات کی رات

زلف دلدا مین ہی مشک ختن کی نکہت
نازنین جسم سی آتی ہی سمن کی نکہت

غیرت عطر ہی من مست کے تن کی نکہت
ناف مین نافہ آہو ہی ختن کی نکہت

عرض مجرمین بیمار تمنا کو سنگھا — قوت دل کی لیی سیب ذقن کی نکہت

تو نی چوتی کنین جو چنبیلی کا ہی ڈالا موباف — پھول کی بو سی ہی کام مشک ختن کی نکہت

کاکل مشک فشان آئی جو فرقت مین یاد — رشک عنبر ہوئی کافور کفن کی نکہت

ہاتھ سی اپنی جو تو کاٹ کی پہینکی ای گل — شمع کی گل سی ہی تابان ہو سمن کی نکہت

کوچہ سی اوس گل نازک کی صبا لائی ہی — آج مہکی ہی جو گلہای چمن کی نکہت

زلف ساقی کا پڑی عکس جو ساغر مین سحر
می مین پیدا ہوا وہین مشک ختن کی نکہت

مشک گوہر ہین تیری ساری دانت — برق تابان ہین پیاری پیاری دانت

اوسنی مسی سی جب سنواری دانت — شب ہوا رنگ لب ستاری دانت

دانت سلک گہر کی کھلے ہون — جب لبون سی کھلی تمہاری دانت

زلف افشان سی عقد پروین ہے — رو سی ہے شمس قمر ستاری دانت

تجھی بجلی اگر چمکتی ہے — یاد آجاتی ہین تمہاری دانت

شب کو تاری ہین جلوہ گر ہوتی — کیون نہ مسی ہی وہ سنواری دانت

اپنا منہ آئینہ مین دیکھو سحر
وہ لب نازک اور تمہارے دانت

قسمت نے پھر فراق کی مجکو دکھائی رات
دھڑکا تھا ایک عمر سی جسکا وہ آئی رات

یاد آئی گوری گوری بھبی جو تیری کلائی رات
ای شمع مجھی گھڑی بھر کل آئی رات

منہ خون سی اوتر گیا فق رنگ ہوگیا
غصہ سی باہر دنی جو تیوری چڑھائی رات

رویا مین اوسکی دل سی کدورت نکل گئی
آئینہ روسی ہوگئی آخر صفائی رات

شیشہ مین ہمنی رشک پری کو لیا اوتار
ہر چند ناک بھون بہت اوچڑھائی رات

مجرا شب وصال مین لی بیشی حساب
فرقت مین ایک بھی فلک نے گنوائی رات

انکار کرتی ہو جو ملاقات غیر سے
مانا کہ مجھ تک آنیکی فرصت نہ پائی رات

افشان اگر چھٹی تو چھٹی پر وہ کیا ہوئی
مسی کی ہونٹھ پر جو دھڑی تھی جمائی رات

ٹپکا کیا تصور لبر مین شام سے
کل صبح تک مجھی کسی پہلو نہ آئی رات

آنکھون نے کر کی اشک فشانی بچا لیا
پھونکی تھی آہ گرم نی ساری خدائی رات

آیا جو یاد ضعف سی گو ہم نہ چل سکے
در تک پر اشک و آہ نی کی پیشوائی رات

مسکن غریب ہی جو سواد شب وصال
آنکھون مین مثل سرمہ ہی مسکن سمائی رات

یاد سحر کی زلف مین تا ہون زار زار
ساون کی بھی کبھی نظر مین سمائی رات

کیا ناز کی ہی مین تھا تصور مین ہمکنار
گرمی سی صبح تک نہ اوسی نے سمائی رات

سیدھا بزور زلف گرہ گیر کو کیا
کی دست شانہ نے مری عقدہ کشائی رات

تھی گرم ناز حسن جب آیا وہ مہر وش
تاری چھپی تھی آنکھ کسی نے ملائی رات

کیون لڑ رہا ہی صبح سی ہو جو شب مہ
کس سیہ نے آنکھ تمسی لڑائی رات

خواہان نقد جان نہ نظارہ تھے ولے
دل مانگتی تھی مانگتی ہی رہنمائی رات

جلوا کہ اوسنی پانو نہین مہندی لگائی ہی
جاری ہوئی ہی آنکھ سی آنسو خنائی رات

ستارون کی آنکھ بام فلک پہ جھپک گئی
اوس مہ وش نے جب کہ کل اوٹھائی رات

بولا نہ منہ سی ہای ہی تقدیر کا لکھا
کی اوس ستم نے آگی بہت جبہہ سائی رات

بالی سی آج آیا ہی باہر ہمارا چاند
اوترا ہی طاق یار نے مہندی رچائی رات

سویا لپٹ کی صبح تلک یار سی سحر
مدت کی بعد چین سی بس نیند آئی رات

رابطہ جب سے گیا اوس بت عیار سے چھوٹ
غم ملا خواب گیا ہدد و بیدار سے چھوٹ

نگہ شوخ نے یکبی ہین پھکیتی کی ٹھاٹھ
مردم چشم ستم لڑتی ہین تلوار سے چھوٹ

خون عشاق سلامت نہ ہینگی بدرنگ
جائیگا اک خلق قدم یار سے چھوٹ

دست نازک یہ ستم کی ہی گی ان نگ ترا
ای حنا جلد کہین تو کف دلدار سے چھوٹ

ای سحر خانہ ولد ہی مین یون نکلا
جسطرح جاتا ہی نوکر کسی سرکار سے چھوٹ

بیوفا کا ہی انتظار عبث
دل نادان ہی بیقرار عبث

وا نہونگے یہ عقدہ مشکل
آبلون سی ہی ربط خار عبث

گل کی دامن تلک شہ پہونچینگے
ہاتھ دوڑا رہی ہین خار عبث

ہی سنان ثمرہ خلش افزا
نہین دل مین یہ خار خار عبث

سلک دانون اشک کی لونڈی
پہنی ہی موتیون کا ہار عبث

کافی ہے ناز ابرو و مژگان
باندہا خنجر عبث کٹار عبث

پی کی می عشق چشم میگون مین
کون پیدا کری خمار عبث

لی کی زلف سیاہ یار کو دل | اس بلا سی ہوی دوچار عبث
زلف بچھو کی یہ کیون اوجھتی ہو | طول کرتے ہو بار بار عبث
حور وش سی پری کو کیا نسبت | نور سی ہے مثال نار عبث

رمضان ہین نہ کہہ سحر کو غزل
یہ سحر ہوگئی ہے کار عبث

کیا کر سکیگا آکی فلاطون مرا علاج | عیسی ہی ہو نہ چشم کی بیمار کا علاج
تسکین ہوی یا رہی تا ہی ہول دل | لا ای نسیم صبح مری درد کا علاج
صورت نہین شفا کی بجز وصلت وصال | ای میر جان ہی مرض ہجر کا علاج
آکوس غیرت مسیح کی گھر مجکو لیچلو | دار الشفا مین ہوتا ہی بیمار کا علاج
تبدیہ زہر ہا ہی سودا می زلف مین | مسموم زہر چشم کا ہی جانگداز علاج
بوسہ ہی نوشدارو لب کا مری دوا | ہی تلخ کام عشق کا خوش اقتضا علاج
گھبراوسکا دیکھتی ہی ہوا اضطراب کم | ہکو ہوا انتظار ہ دار الشفا علاج
مجکو سونگھاؤ بو عرق زلف یار کی | سرسام عشق کا ہی یہی تجربی علاج

کیا دیکھتا ہی نبض مریض فراق کی
بی سودہی طبیب سے اسکا علاج

درمان عشق ہی آپکی قانون مین نہین
اسی مہربان ہی مرض الموت لاعلاج

حامی سحر ہی قبر مین مومن کا اور شراب
اور ورد معصیت کا ہی خاکی شفا علاج

عکس مہوش فی بڑھایا جلوہ تحریر نے
خیرہ چشم برق کو کرنی لگی تنویر مین

پیچ مین لاتی ہی دل چین جبین بحر حسن
صفحہ دریا پہ اس صورت کہان تحریر نے

زلف بحر حسن سے پیدا ہی جنون کا سلسلہ
طوق گردن ہو بھنور پا مین نہین زنجیر نے

عین حادث ہی گواہ صنع صناع قدیم
جزر و مد بحر دیکھا اور قلت تکثیر نے

کاوش اہل جہان سے صاف دل کیا ضرر
خار ہا ہی کو کیا ہی دیکھا نہ دامنگیر نے

ہی یہ نقشہ عاشق گریان کے جوش اشک کا
صفحہ دریا پہ پانی دیکھہ لی تصویر نے

آب دیکھ عارض یار سے خجل ہو گیا
پانی کا رنگ طلائی سنگیا اکسیر نے

صاف باطن سنی پہونچی آشنا دان لوگزند
گردن ماہی قلم کرتی نہین شمشیر نے

بھولا حیرت سنی ولنی پیش جسم صاف یار
پای دریا کو سلاسل سنگبنی زنجیر نے

مجنون کے نظر مین بنتی ہی ہر یک محمل — حلقہ گرداب سے بنتی ہی جب زنجیر موج

دیکھ آوے جب لب دریا تری ابرو کی یاد — تیغ براں منگہی پیش نظر تصویر موج

بحر فی پانی ہی عکس مہر سے ہی آب و تاب — برق رخشان پرہی چشمک زن ہر اک تحریر موج

نور رخ سی برق رخشان ہی درخشان آفتاب — ساغر صہبا پر ہی ساتی نہین تنویر موج

کیون نہ آہون سے تلاطم عہد سیلاب بحر — ہوتی ہی پایمین بادتند سی تکثیر موج

پاک ہی لای ستم سی صاف طینت کا خمیر — جوہر قطع و برش رکھتی نہین شمشیر موج

سایہ افگن زلف پیچان تی ہی ہانپین جب — پیچ و تاب پا پیدا کرتی ہی زنجیر موج

عالم امکان مین وان ہو کیا بہبودی چال سے — پیچ و تاب و کجروی ہی سرخط تقدیر موج

پڑ گئی جوہر مین عکس چین پیشانی سی جان — آب آئینہ مین بھی آئی نظر تصویر موج

ناتوان ہون عشق چشم و زلف مین مثل حباب — اوٹھہ نہین سکتا قدم سی لنگر زنجیر موج

عشق بحر حسن مین لاغر ہون ایسا اے سحر
اشک ہی دریا کا نقشہ جسم ہی تصویر موج

کسطرح ہو ہلال نہ مدنگاہ کج — رہتا ہی زیر ماہ کا طرف کلاہ کج

کس کسکو دیکھیی ابھی سیدھا بناو کے
یو ہین اگر رہیگی تمھاری نگاہ ٹیڑھ

رہتی ہین تیغ ابروون کے دلو مین خلش فرا
عقرب کی نیش ہین تری مژگان کلاہ کج

آتا ہی میر کر کی جو چلی سی پھیر کے
کجرو ہی غوطہ ہین ہی ہی گھر کی راہ کج

بیحد مہ پھر گئی ہی مزاجی آپ کی
رہتی ہین کیون ہمیشہ بھوین بیگناہ کج

صحبت اثر کجون کی ہی اور ہے بات یارکو
[illegible] چلی ہو نہ راہ کج

کرتا ہی قتل دیکھیی کسکو یہ بانکپن
رکھی ہی آج یار نی سر پر کلاہ کج

سیدھی یہ بات ہی کہ نبھی کی نہ دوستے
تو نی اگر نگاہ کی ای شاک ماہ کج

قسمت کا پھیر ہی جو نہ آیا وہ شوخ ماہ
ورنہ ہماری گھر کی تو کچھ تھی نہ راہ کج

ہو گی نہ چار آنکھ وہ نازک مزاج ہی
دیکھو سحر نہ یار سے کرنا نگاہ کج

گردن جو بولسی صبح ترے منھ پہ ہی صبح
غیرت سی پھر نہ خلق کو صورت دکھای صبح

بی آبرو ہو خندۂ دندان نمای صبح
کوٹھی پہ گروہ غنچہ دہن مسکرای صبح

رشک سے تھر دانتون مین تیرے ہی چمک
گیسو مین رنگ شام کلی مین صفای صبح

کیا صبح ہے یہ عکس جلوۂ جعد سیہ نہیں — بی فاصلہ ہی شام نمایان قفا ہی صبح

کس نے قبا دوش کی وہی صفا کی یاد نے — روتا ہون منھ کھ خندۂ دندان نما ہی صبح

آیا نہ مہروش کبھی سنگین دل سفید — کیا بی اثر ہی آہ ہماری رسا ہی صبح

ہی زخم دل کو مشک سوا اور مرہم فراق — مثل نمک ہی فایدہ نور صفا ہی صبح

کیون ہو نہ روی یار ہمیشہ سفید تر — رہتا ہی آفتاب درخشان قفا ہی صبح

عشق گلوی یار مین دی ہمنی اپنی جان — گل کر گئی چراغ ہمارا ہوا ہی صبح

بعد طلوع مہر ہو پھر مایل غروب — وہ ماہ بی نقاب جو کوٹھی پہ آ ہی صبح

کھولو نہ گیسوی سیہ وصل کی شب ہی پیرخ — ہان دود آہ دل ابھی ہونی نپا ہی صبح

دکھلائی گر وہ گردن پرنور کی صفا — اوڑ جاوی نگ فق ہو رخ پر ضیا ہی صبح

کھٹکا شب وصال ہی روز فراق کا — یارب غروب مہر ہو پیش از قضا ہی صبح

ممکن نہین کہ وضع طفیلی کیو اسطے — ہمراہ آفتاب کی ہی اجلا ہی صبح

دیوانہ کر دیا تری کرتی کی چاک نی — کیونکر نہ اپنا چاک گریبان دکھا ہی صبح

خورشید غرق ہو عرق انفعال مین — وہ رشک مہر ہو کی جو عریان نہا ہی صبح

یہ سب ہین بی اثر شب ہجران یار مین — فریاد شام زاری شب ہای صبح

خورشید کو ہی شوق طواف حریم یار — ہر روز کیون نہ جاتا ہو ابتدا صبح

ہوتا نہین ہی کم کبھی طول شب فراق — برسون سے ہی اپنی آنکھ نہین آشنای صبح

ہاون صدای مرغ سحر ہی شب وصال
میرا ہی سنحر ہون شب ہای صبح

دل مضطرب ہی پارہ سیماب کیطرح — گرم طپش ہون ماہی بی آب کیطرح

دن بھر ہی رنگ مرغ گلستان ہو نالہ ش — گرم خروش رات کو سرخاب کیطرح

اوس حور وش کا ہو نہ روشن جو بی نقاب — منہ فق ہو آفتاب کا مہتاب کیطرح

پہنی قبا تو رنگ طلائی کی عکس سے — اطلس چمک اوٹھی بھی کمخواب کیطرح

تو بال کھولی شب تو ستارے تنا رہون — اوڑا اوڑا کی تجھپہ کہ شب تاب کیطرح

بحر حبابنین ہو موج کی صورت ہین پیچ و تاب — چکر مین ہو فروشب بنین گرداب کیطرح

کس رشک آفتاب کا جویا ہی ای سحر
گردش مین ہی یہ چرخ جو دولاب کیطرح

ایذا ہی خلق مین ہی تگا پو شعار چرخ
کب بی سبب ہی گردش لیل و نہار چرخ

مبتلا سو فریفتہ کاروبار چرخ
ہی بی ثبات یار ہی نا پایدار چرخ

کر ترک رسم کینہ وری کجروی کو چھوڑ
غمزی دکھا نہ اوشتری بی مہار چرخ

دن زندگی کی بھر تا ہی انسان امید مین
دل ہین اسیر پنجہ دارو مدار چرخ

نالیدہ ہو جو یحیی تو ہیہ سمجھ یہ
مژگان کا پنجہ پڑہ کی بنی پشت خار چرخ

تا چرخ آہ جاتی ہی اور نالہ تا بعرش
یہ ہی ستون چرخ تو وہ ہی منار چرخ

مستان جاہ کی نہین جاتی ہی بیخودی
پر زور ہی کمال می پر خمار چرخ

درویش اپنی آنکہہ سی دیکھا ہی شاہ کو
ای منعمو نہین ہی ذرا اعتبار چرخ

کیا اوج بعد مرگ ہی مجہ خاکسار کا
ہی میری خاک افسر فرق وقار چرخ

کیا ای سحر جہان مین تلون مزاج ہی
جو بیوفا و عربدہ جو ہی نگار چرخ

اوس شک مہر کی نہین منہ پر نقاب سرخ
چھایا ہی آفتاب کی اوپر سحاب سرخ

ہی اشک خون سی چشمہ چشم پر آب سرخ
ہوتی نہ کسطرح یم خون کے حباب سرخ

ساقی کی عکس رخ سے کیون ہو شراب سرخ
ہوتا ہی صبح رنگ رخ آفتاب سرخ

اللہ رے گرمی آتش رنگ نگار کی
عکس قدم سے ہوتا ہی رنگ رکاب سرخ

اتنی کمی ہی مجھ سے کہ رنگت بدل گئی
سفاک ہو گئی تری خنجر کی آب سرخ

تب میکشی کا لطف ہی رات جاگنے
اور یہ رنگ وہ ساقی مست شباب سرخ

ابر بہار چھپ رہا ہی چھایا ہی ہر طرف
ہیں سبز سبز کھیت ہیں سبز سبز قاچ ہیں شراب سرخ

منظور ہی جو دست نگارین کو خون سے
شنجرف کی لکھو مری خط کا جواب سرخ

اس فصل میں جہان نہیں سرخ جو ہوا
منہ ہی سفید اور ہوا کیا خضاب سرخ

جلتا ہی سوز عشق لب لعل فام سے
کس طرح رنگ پائی نہ یاقوت ناب سرخ

مرتی ہی مرتی پا چکی ہم اپنا خوں بہا
چہرہ ہوا جو یار کا وقت عتاب سرخ

یارب کسی کا خون نہ میری ہاتھ سے
پانی پہ ہو سیاہ نہ فرد حساب سرخ

پیرایہ میں غصہ پہ ہی طاری عجب نہیں
ہوتا ہی وقت صبح سحر آفتاب سرخ

قد نازنین ہی زلف سیہ یار دن کی شاخ
آہو تو چشم شوخ ہی ابرو ہرن کی شاخ

گشتہ ہون چشم مست کا لازم ہی قیر مین
جامی جریدہ تین غزالان ختن کی شاخ

کیونکر نہ میری جسم کی داغونسی زیب ہو
باقی بہار گل ہی ہی نخل چمن کی شاخ

پیری مین کیا عذوبت اشعار کا مزہ
شیرین نہ لائی بار درخت کہن کی شاخ

خوش چشمون ہی کسی ثمر مدعا ملا
خالی ہی برگ و بار سی کیہو بہن کی شاخ

اوس گل بغیر سر و ہین خوش طعم میل مست
ہر شاخ نخل گل ہی جبھی گردن کی شاخ

لکھون جو سرو قد کی تن نازنین کا وصف
لازم ہی جامی کلک ترا شون بمن کی شاخ

اوس سرو سیزہ رنگ کا مداح ہون سحر
سرسبز کیون نہو مری نخل سخن کی شاخ

والشمس اگر ہی قسم روی محمد
تو مقصد واللیل ہین گیسوی محمد

اس رنگ نہ تا کبھی مطبوع طبائع
آتی نہ گل ترہین اگر بوی محمد

کیون خاک مدینہ کو شرف نہو فلک پر
فردوس سی بہتر ہی کہین کوی محمد

ہین دور ہون ہر چند مگر طائر دل کا
منہ قبلہ نما وار ہی ہان سوی محمد

درکار وسیلہ نہین درگاہ خدا تک
کافی ہی فقط سلسلہ موی محمد

قمری کیطرح طوق غلامی ہی گلی مین — ہی سرو سہی قامت دلجوی محمد

دل صدقے ہین نقش قدم پاک نبی کے — سو جانین ہین قربان سر کوی محمد

کیون واجب عینی نہ زیارت ہو نبی کی — محراب حرم ہی خم ابروی محمد

کیا نور ہی اللہ کہ روشن ہو زمانہ — بی پردہ اگر رات کو ہو روی محمد

خالق نے جو تھا خلق کیا اوسکا نہ ہمسر — بی سایہ بنایا قد دلجوی محمد

معراج مین بھی امت عاصی کو بھولے — کیا پھر شفاعت تھی نگاہ کوی محمد

بی حکم خدا بات نہ کرتی تھی کبھی یہ — تھا وحی کلام لب حق گوی محمد

ہی دست خدا سر پہ سر لطف کرم سی — ہی پنجہ حق شانہ گیسوی محمد

رتبی مین سلیمان و سکندر سی زیادہ — ہین خاک نشینان سر کوی محمد

کیا چشمہ حیوان پہ تفاخر ہی خضر کو — ہی کوثر و تسنیم پہ قابو ہی محمد

وصف شہ مردان مین سحر ایک غزل پڑھ
مداح علی تو ہی ثنا گوی محمد

طوبی ہی اگر قامت دلجوی محمد — ہی قد علی سرو لب جوی محمد

گہ دوش نبی مطلع معراج علی ہے — گہ جا ہی ید اللہ ہی پہلوی محمد

حیدر کی زیارت مین زیارت ہی نبی کی — ہی روی علی آینہ روی محمد

تھا سینہ احمد کبھی زیر سر حیدر — گہ زیر سر پاک تھا زانوی محمد

آنکھین نہ کھلین بعد تولد نہ پیا دودھ — چوسی نہ زبان دیکھا نہ تا روی محمد

تکبیر کہی کلمہ پڑھا حق کی ولی نے — آیا جو نظر کعبہ ابروی محمد

بی خوف لحد و بستر احمد پہ وہ سویا — اللہ ری جانبازی رضا جوی محمد

مجروح ہوا تیغ ستم سی جو سر پاک — آشفتہ ہوی قبر مین گیسوی محمد

گھر علم خدا کا ہی اگر شاہ رسالت — ہی ذات ید اللہ در مشکوی محمد

وہ جان نبی لحمک لحمی ہی تو بیشک — حیدر مین ہی علم نبی و خوی محمد

کیا منہ ہی کسیکا جو کری وصف ید اللہ — مداح ہون جسکی لب و گفتگوی محمد

مشکل کی جو عقدی ہین سحر کی انھون نے اکثر
ای دست خدا قوت بازوی محمد

چہری کو کرتا ہی نور الفت حیدر سفید — چین پیشانی ہی مثل موجہ کوثر سفید

گرتی منہ اشک غم غنیر سی گر سفید — ای سحر تا ہو تری اعمال کا دفتر سفید

جلوہ گر ہین تن لطف مین یون گمان کے گوہر سفید — خوشنما ہون جیسی کالی رات مین اختر سفید

ہجر مین کہتی ہی دل یاد رخ انور سفید — تیرہ بختی ہی مگر ہی چاندنی سی گھر سفید

انتظار یار مین اللہ ری جوش بکا — روتی روتی ہو گئی ہین دیدہا تر سفید

تیری وی پر ضیا سی فضل مین ہین روز و شب — زرد رنگ مہر ہین روی نہ ماہ و اختر سفید

واہ ری خی لب ای مہ کیش غنچہ دہن — ہی برنگ جام گل یا پور کاسا غر سفید

کب ہین وہ شایان تشبیہ لب و دندان یار — لعل ہین بدرنگ سرخ اور بی خنا گوہر سفید

خوشنما ہی اشک خون سی چشم عاشق سا قیا — ہی شراب سرخ کو زیبندہ تر ساغر سفید

شوق سبزان و شراب سرخ پیری و خضاب — بیحیائی ہی سیہ کاری ہو اجب سر سفید

نام کو بھی خون ہمارا جسم لاغر مین نہ تھا — قتل کرنی پر رہا آب دم خنجر سفید

زینت مہتاب ہین ای ماہ تا ہی چاندنی — ہو مرصع گوہر و الماس سی زیور سفید

کہکشان مین شب کو تارون کی جھپک جاتی ہی آنکھ — دیکھکر تیغ سیاہ یار کی جوہر سفید

جا بجا ہی موی ابرو سی نمایان جلد صاف — جلوہ گر تیغ صفا ہا فی مین ہین جوہر سفید

ق

[illegible] صورت مرمری تربت کا مری پتھر سفید	
[illegible] گر مجھی یار کی بتان سیمتن پتھر سفید	
شرم سی تیری طلائی رنگ کی اے شمع مہر	کچھ فقط چنپا نہیں اور لالۂ احمر سفید
[illegible] چاندنی کیطرح دیکھو اوس نقرہ بدن ہی سفید	
[illegible] پرتو خورشید عارض سی ہیں بام و در سفید	
[illegible] روزن دیوار و در ہیں صورت اختر سفید	
[illegible] ہو قیامت تک نہ میرے خون کا محضر سفید	
[illegible] شمع ہی چربی کا پتلا گرچہ ہی پیکر سفید	
[illegible] گو سراپا شمع کافوری کا ہی پیکر سفید	
[illegible] چاندنی کو زرد کرتا ہی ترا بستر سفید	
[illegible] موتی کیطرح ہو رنگ گل احمر سفید	
[illegible] چاندنی کیطرح سی ہو لالۂ احمر سفید	
[illegible] سیمتی سی ہی بدن کی جلد نازکتر سفید	

ماہ تابان ہین کلف ہی ماہ عارض پاک صاف
چاندنی سیلی ہی صاف

یہ دوپٹی کی نہین ہین انچل دوشیزہ
اسی پرتی

نور ایمان ہی آنکھی ظلمت عصیان ہو دور
منہ سیحر کا ہو میان مجمع محشر سفید

حیا سی وہان ہین لعل درفشان بند
یہان ہی ناتوانی سی زبان بند

جمال یار کا ہی گرم بازار
ہوئی ہی حسن پوسیدت کی دکان بند

ہمین کہتی ہین صاحب بیمروت
نہ منہ کھلوائی رکہیو زبان بند

نہین آئینہ مین تصویر تیری
پری شیشہ مین ہی ایجان جان بند

کیا ہی گر گرم منہ سی بھی بولو
رہیگی شرم سی کب تک زبان بند

تکلف برطرف اب کھل کی بیٹھو
قبا کی کھول دو اسی مہربان بند

دہید او گردون جب سی ہی باز
ہوا ہی یک قلم بابا امان بند

گمان خواب ہی مجہپر جہان کو
خیال یار مین آنکھین ہین نہان بند

کرینگی دور سی نظارہ گل
دیگا شن نکرای باغبان بند

سایہ زلف مین جیسے افشان ہوئی چشم نجوم آسمان بند

نظر آئے ہے جبھور مین مچھلیان بند

بلا رہرن ہی چشم سحر پرداز فلک پر بھی ہی راہ کہکشان بند

دیکھ ارسہان آنکھین کھلی ہین ہوی نیلوفر کی روزن وہان بند

ہی اشکون سی کیونکر آمد اشک بندھی دریای جوشان پہ کمان بند

ملوگا تجھسی جبتک نہ رہین دم وفا عبدا ہون بند سی گویان جان بند

سہی گر دشت مین خسبتاک جا لم خورشید منہ یارب در پیر مغان بند

کہ در آہ خطا سی ہین عارف ہوا ہی آبگینی مین ہوان بند

عیان گردون ہی جسکے جذبہ ہی ہوا ہی آسیای شیشی مین ہوان بند

سحر ہین سب علوم شاعری یاد
کہان کشتی کی بجھولین پہلوان بند

دونون ہتیلی چاند مین نواج اچانک تمنی جہان کی منہ کو لگائی ہین چاچانک

بغای منہ کو چرخ چڑھی لاکھ ہا چانک اوس شاک آفتاب سی ہی مسا چانک

رخ پر تری جبین پہ تری دانتو پیر تری

دیکھونگا آج دونون کو کیسے دونون وہ بھوین

جو یاہی تیرا صبح سی گر مہر شام تک

غرہ کیا جو تو نی یہ آیا تیری پاس

ابرو کی تیغ ڈھونڈھنی لگتا ہی دل مرا

قربان تمھاری منہ پہ صنم لاکہ آفتاب

سارا مہینا خیر سی اب عید ہی گئے

دیکھو سحر کا منہ جو نظر آئی یار چاند

شعلہ طور مرا ہاتھ مین لی گر کاغذ

دم تحریر خط یار جو آنسو نکلے

یار خوش چشم کو خط خامہ مژگانی لکھا

پڑھتی ہی یار کا خط ہو گئی دل کی باگ

جوش گریہ ہی ہوا خط کا نہ لکھنا معلوم

یہ بیناسی قزلباش تر ہونو کا غذ

دل پکارا کہ نہ بھیجو یار کو کاغذ

یہ دیدہ تری نہین بہتر کاغذ

ہو گیا حق مین مری ہمدم خنجر کاغذ

بھیجدون یار کو نامہ کی عوض کاغذ

سایہ زلف مین چہرہ حنائی کا عکس — شاخ مرجان ہو قلم مرکب گل تر کاغذ

شرح طومار نہ ہو کیونکہ دم خامہ قلم — یک ورق ملکت دل کا ہی ابتر کاغذ

بنگیا کچھتی ہی نقطہ صبح روشن کا تری — خامہ سورج کی کرن مہر منور کاغذ

قلمو رشک دہن لعل کا گر وصف لکھون — ہو عقیق شجری وہ شجب کا غذ

شمہ وسعت رو گداز تپ فرقت ہو لکھون — پر پروانہ صفت خاک ہو جلکر کاغذ

کارمقراض کریگی ہوا اوراق نصیب — لیچلی جانب دلبر جو کبوتر کاغذ

خوبی خط یار کو خط لکھنی کی تھی ذہن مجھے — نہ قلم ہاتھ سی چھٹتا ہی دم بھر کاغذ

جزو سادہ بنی صاف چین کا تختہ — روی نگین کی پسینی سی جوہر کاغذ

ابی سحر مہر رخ یار کا لکھون مین جو وصف
صبح صادق کا ہو دامان منور کاغذ

کیونکہ لامونکا ضبط فغان آخر کار — کر دیا یار کو رسوای جہان آخر کار

ہو گیا گردش قسمت کا اثر بعد فنا — لوح مرقد کی بنی سنگ فسان آخر کار

ہجر مین بسکہ رہی ورد زبان نالہ گرم — بنگئی شعلہ مری منہ مین زبان آخر کار

سوز فرقت سے شمال صدف پر گوہر
آبلون سے [illegible]

اشک و آہ شرر افشان کے معاشق کا رار
آبلون [illegible]

اوسکی زلفون کے تصور مین ہوا دلکو جنون
پڑ گئی پانون مین زنجیر گران آخر کار

جاہ دنیا پہ کرے ناز جہانداران کیا
خواب ہی عشرت فانی ہے [illegible] آخر کار

پادشاہان فلک رتبہ و خورشید کلاہ
ہو گئی پردہ خاکی مین نہان آخر کار

سایہ چتر و علم مین جو رہا کرتی تھی
گور مین سو گئی وہ نام و نشان آخر کار

ہون وہ کم گو کہ اثر سے ہی خاموشی کے
شمع تربت نی ہلاتی ہے زبان آخر کار

ای گلو حسن دو روزہ پہ نہ اتنا پھولو
چمن حسن پہ آئیگی خزان آخر کار

مکتب عشق مین تدریس جنون کی جو ہوئی
ہمہ داں ہو گیا مین ہیچمدان آخر کار

سر سی پانک کہین پاتی نہین آرام نظر
حسن ایسا ہی کرشمہ ہی نہین کام نظر

جلوہ رخ سی شکم پرتو ہی بخشی نگاہ
دھوپ مین آئینہ پر کرتی نہین کام نظر

کھولکر آنکھ جو اپنا ہی مان کو دیکھا
طبع ہر شخص مین آئی طمع خام نظر

سایہ زلف مین دیکھا ترا روی رخشان
کام خورشید پہ کرتی ہی دم شام نظر

تجھ سی منتظر آمد ساقی جورہا
تا دم صبح رہی بس طرف بام نظر

ترے نا غی ہوئی دل جو لڑی یار سی آنکھ
رکھتی ہی یہان اثر روغن بادام نظر

چھایا کیا رخ خورشید پر اک ابر تنک
آئی جب رخ پہ ترے زلف سیہ فام نظر

جب سی آتا نہین وہ ساقی سیمین ساعد
صورت شیشہ نہ دیکھی نہ پڑا جام نظر

بیگنہ کشتی کیی قتل تا ای مژگان
ڈوبی آتی ہی لہو مین ترے ہی صمصام نظر

جمعیت کو دیا دل یہ ہوئی نادانی
کی نہ آغاز مین ہمنی سو انجام نظر

آہ کا چھلی نہ دور فلک یار ہی شوق
رکھی جانب صیاد تہ دام نظر

جمع عشاق مین نالون سی پڑا ہی محشر
طرفہ آتا ہی تری کوچی مین کہرام نظر

دل ہی تصویر خیالی تہان کا مسکن
کعبہ مین پھر بخدا آتی ہین اصنام نظر

منتظر آنیکا اوس ماہ کی رہتا ہی سحر
رہتی ہی جانب در چشم سی تا شام نظر

رشک سی گل چلکی خسا جانا نی کیلئے
در سجود بلبل ہوئی مجکو غزلخوان دیکھکر

زخم تن مین مسکرائی تیغ بران دیکھکر — جو سخی ہین شاد ہوتی ہین مہمان دیکھکر

مست بیخود ہوگیا مین چشم جانان دیکھکر — دل کو اک سودا ہوا زلف پریشان دیکھکر

کیا اکڑتا تھا ہمیشہ سرو گلشن مین مگر — ہوگیا سیدھا مقدر دون جانان دیکھکر

چھپگئے تارے ہوا لو گ صبح مہتاب زرد — نور افشان جبین نور افشان دیکھکر

خاکسارون کا پڑا ہی صبا اسپر غبار — جھاڑ او مست مے نخوت کا دامان دیکھکر

کیا رقیب روسیہ نے دلمین کھایا پیچ و تاب — شب کو میرے ہاتھ مین گیسوے جانان دیکھکر

ننگ غم ہی استخوان مین ہے ای اہل نظر — پس گیا مین گردش چشم حسینان دیکھکر

بوالہوس کہ کوی جانان سے نکیون ہو جفا — رنگ فق ہوتا ہی از کو نکا دبستان دیکھکر

تھا بہت نازان یہ اپنی خود نمائی پر مگر — آینہ حیران ہوا تصویر جانان دیکھکر

جب شب فرقت مین بند ہا چشم تر نے دیکا تار — پانی پانی ہوگیا ابر بہاران دیکھکر

ہوگیا اپنا گریبان مثل سنبل تا بناف — آج دست غیر مین اپنے گلکا دامان دیکھکر

ہی جو ذوق سیر تو دیکھو ہری کی داغ کی — جا ہی گلشن کو پھلی یہ گلستان دیکھکر

مندرس گلشن الفت ہو نہین جلد و طلب — ہو مقابل جبہہ سا ہی مرغ گلستان دیکھکر

بسکہ عشق شبنم یوسف نے کنوئین جھکوائی ہین
چاہ ہی نفرت ہوئی ہی جو رخ خوبان دیکھکر

باغ الفت مین گل و شبنم کی صورت ای سحر
یار ہنستا ہی ہماری چشم گریان دیکھکر

داغ سوزان کا نہین جلوہ دل بیتاب پر
شمع روشن ہی مزار گشتہ سیماب پر

عشق مین کی پیشدستی طائر سیماب پر
لوٹتا ہون ہمت مرغ دل بیتاب پر

برق وش نی موی سر رخسار پر چھوٹی نہین
چھا گئی کالی گھٹا خورشید عالمتاب پر

نقش پانی گل کھلاتی چاندنی کی سیر مین
طرفہ گلکاری ہوئی ہی چادر مہتاب پر

پلکین ہین یا پروز بر مصحف ہے محو ترجم خال
محو مطلق ہو نہین اس قرآن کے اعراب پر

عین کعبہ چشم زمزم ہی تہ اچاہ ذقن
بینی وابرو ہین فائق منبر و محراب پر

بسکہ ہی یاد سحاب لف مین باران اشک
لوٹتا ہون برق کی مانند فرش خواب پر

دان کو دیدار کو سویا نہ یاد زلف مین
چھا گئی آشفتگی ایسی دل بیتاب پر

چونک چونک اوٹھتا ہون کھبرا کر جو لگجاتی ہی آنکھ
مستعمل خواب پریشان دیکھتا ہون خواب پر

کر سوال بوسہ دندان ہنسے ہی بحر حسن
کشتی سائل روان ہو موتیون کی آب پر

بوسۂ دندان بنایا ہوگئی رسوای خلق
آبرو کھو بیٹھی ناحق اک دریاب پر

یاد ہی اوس گلبدن کا نرم مخمل سا بدن
پڑتی ہی کب آنکھ اپنی تا قمر و سنجاب پر

جانگداز خورشید رو بن ہی شب ہاے فراق
اور شہاب آتش فشان ہر دم دل بیتاب پر

چشم افعی ہیں یہ تیرے زلف کی تاثیر دیکھ
مار ابیض کی ہی کنجی کا گمان مہتاب پر

آفتاب حسن ہے روشن نہیں ہر موج پر
لوٹتی ہین بجلیان جام شراب ناب پر

کسقدر تاریک ہی اپنی شب تار فراق
رشک تارونکو ہی نور کرہاے شب تاب پر

ماہتابی پر ہوا وہ مہر وش جب بے نقاب
ای سحر چھوٹی ہوائی چہرۂ مہتاب پر

جان عالم جو ہین مائل ستم ایجادون پر
لوٹتی پھرتی ہین پریزاد پریزادون پر

جان دیتا ہو نہین ایسی ستم ایجادون پر
جنکی سائیکو بھی ہی فوقیت پریزادون پر

تا ہی دنیا ہی ہین جلوخانۂ انور کی تمام
صورت کاہکشان جلوہ کری جادون پر

طوق فرنجیہ کی اب خلق خریدار ہوئی
تیری ہی یونانون کا احسان ہی جادون پر

میری یوسف کا خریدار ہی سارا عالم
پھر نہ بندون پہ ہو موقوف نہ آزادون پر

کس شوخ تجھی گلشن مین جھکین سرو سمن سر
بندگی قد کی تری فرض ہی آزادون پر

ناک مین لائی ہین دم آہ بتان بیرحم
کان دھرتی نہین عشاق کی فریادون پر

چشم وحشی ہی تری قاتل مردم ای شوخ
یہ وہ آہو ہین کرین حملہ جو صیادون پر

پھر بہار آئی ہی عشاق کا خون جوش مین ہی
تیز نشتر کرین قد غرا ہو یہ فصادون پر

آبرو لیتی ہین عشاق کی پر آب آنکھین
ایک ساون یہ شرف کبھی ہی بھادون پر

پیچ عشاق پہ ہی آہ عدم دیکھتی ہین
چست باندھی ہی کمر یار فی بیدادون پر

قتل کرتا ہی وہ عشاق کو ترسا ترسا
فوق میری بت ترسا کو ہی جلادون پر

باغ مین آئی جو وہ سرو قد سنبل مو
قمریان لین نہ بسیرا کبھی شمشادون پر

حسن تو بہ شکن اوس بت کا ہی اللہ اللہ
زاہدا کس سمت ملک غش مین ہین ایمان دون پر

شاعری کا مری پایہ ہو سحر کیون نہ بلند
سیر می استاد کو ہی فوق بہ استادون پر

ہیز و ناکس حابن دیتی ہین دم پر دام پر
مردا وسی کہتی ہین جو مرتا ہی اپنی نام پر

پر تو افگن ہی جو مہر روی ساقی جام پر
برق کا عالم ہی ہر موج می رخشان پر

کرتی ہین ست خیالی سی وہ کنگھی بام پر
مہر و ماہی شفق پہولی ہوا شام پر

دیکھنی چاند آیا ہی وہ مہر پیکر بام پر
ہی بیاض صبح کا جلوہ سواد شام پر

زلف چھوڑی محبوب دکھلا کر رخ گلفام پر
یعنی وعدہ صبح کا موقوف کھا شام پر

عیسی مریم جیتنگی گر لعل بت خونخوار پر
خون ہوگا خضر کا خط زمرد فام پر

ابر فی رمضان دیکھا جو جگا اشکبار
برق تڑپنی بیقراری دل ناکام پر

خواب مین بھی سو جھتی ہی کہ بہتی ہی نیل
آپ ہنس دیتا ہون نہین اپنی نیا خام پر

کسقدر ہی جسم سرخ مہر وش پر آفتاب
ہی رگ یاقوت جو ہی دلنشان دانہ

بابلون کی ہی گرفتاری کا گر صیاد شوق
کھدی گل دانی کی بدلی حلقہ زنجیر پر

کیا ہی نسبت سرو قد کی نرگس مخمور سی
سرخی ایسی خوشنما کب ہی گل بادام پر

وعدہ دیدار تا کی مجھ غشاتی سے
جلوہ گر ہو شب قیامت شام پر

داغ ہی سینہ مین پہٹکا تا مغز بسمل کیطرح
کسطرح پہٹکے جان جبتک ہاتھ ہو قاتل کا پر

خوشکستہ بال ہون طاقت کہان پرواز کی
کونی طائر بھی مرے تیار ہی جلوہ گاہ پر

تشنہ دیدار آنکھین مرگان مشتاق کلام
اکتفا کیونکر ہو صاحب بات مین پیغام پر

جسم کا کیا تذکرہ کرتا نہیں وہ رجم بھی
اندنون آیا ہی دل ایسی بت خود کام پر

پردہ اب کھلکا اور کھا دی وشن سی نقاب
کھل چکا بت سی از عشق خاص و عام پر

کشتگان چشم قاتل کو جلاتا ہی فنن
ایک بیسنہ ہو گیا سر سبز دو بادام پر

صاف اوجھ آتی ہی نگت جسم سرخ یار
پیرہن او جلا گلابی کیا اندام پر

کیا بلا وہ حسن ہو گا ہی تعوذ کا مقام
جنکی مثل جانور ہون بلا سے اندام پر

عشق تر گان خدا پہ ہی جنکی بیچین
کانپتے رونگٹی کرنی لگی اندام پر

بجز ساقی بیتن پتا جانے آنکا
سنگ پیشہ کو پنکو خاک ڈالو جام پر

لاکھ ہی تازہ شگفتہ خوان خاص
ہر گل ہر ایک جوہر بنگیا صمصام پر

سیر ہی نعمن فی دی چھپنے ہی جہاں
تختہ لالی کا کھلا قاتل تہی صمصام پر

ای سحر تکو وہی ہو اپنی حرانی پہ ناز
فخر آئینہ پیا سکندر کو جم کو جام پر

انتظار یار میں دیا نہ دم بھر رات بھر
میسی انکھیون ہی ہین بانند اختر رات بھر

خاک کوی یار ہی فرقت مین بستر رات بھر
سنگ در ہی مجکو حاصل بالش سر رات بھر

وصل و ہجر یار مین ہی ایک حالت پر جنون ق ایکدم پاتا نہین آرام دن بھر رات بھر

صبح تک شام ہلبل کیطرح ہون نوحہ گر شمع کی مانند ہون گریان و شیدا رات بھر

شام کو جس شب نظر آتا ہی فرقت مین ہلال یاد ابرو پھیرتی ہی دلپہ خنجر رات بھر

شام سی تجھ دیکھ تیری عارض و زلف کی یاد صبح تک دیکھا کیا مین ماہ و اختر رات بھر

جوش پر ہجر بتان ہین بسکہ ہی یوانگی جا ہی صندل آشنای ہی پتھر رات بھر

خار و خار آشنای پا و سر ہین عشق مین بسکہ دشت و کوہ پر پتھر تا ہون بن بھر رات بھر

ہی جو یاد زلف جانان کا تصور جانگداز رہتا ہی ورد زبان کالی کا منتر رات بھر

مہر و شب کے ساتھہ دیکھی چاندنی کو بھی بہ شب اوج پر تھا کیا مری طالع کا اختر رات بھر

بہر تسکین دل مضطر فراق یار مین دیکھتا ہون جانب ماہ منور رات بھر

کہکشان کھلاتی ہی عالم زبان مار کا چشم افعی ہین شب دو ہی کی اختر رات بھر

جب سی زلف یار کا سودا ہی مجکو اے سحر
خانہ زندان مین روز آتی ہین پتھر رات بھر

دل ہوا بیمار انکھین یار تیری دیکھکر ہوگئی پامال ہم رفتار تیری دیکھکر

چھوڑونگی بات کرنا ہم بھی تجھسے اے نگار
عار آتی ہی نہین اب عار تیری دیکھکر

اشتیاق قتل مین ہر گہ پھڑک کر رہگئی
جوش مین آیا ہو تلوار تیری دیکھکر

نشہ اوتریگا نہ اے گل اس نشیلی آنکھ کا
مست ہونگے نرگس سرشار تیری دیکھکر

ابتو غیرون سے تجھی فرصت نہین اے شغلہ رو
جلگیا مین گرمی بازار تیری دیکھکر

کیا کہون جو اوتی ہین سانپ چھاتی پر مری
رخ پہ بکھری زلف مشکبار تیری دیکھکر

سامنے میرے چلی اے کبک یاد آئی تجھی
اک پری کی چال یہ رفتار تیری دیکھکر

آتش غیرت سے اب مین کیا کہون کیسا جلا
باغ مین گل شکل اے دلدار تیری دیکھکر

کسقدر شوق شہادت ہی نہین اے جنگجو
سر جھکا جاتا ہی بس تلوار تیری دیکھکر

رات بھر کی اس نہانے سے ہوئی اب یا نہین
دل امڈتا ہی مرا تکرار تیری دیکھکر

واہی نالہ کامی کہ نزدیک تک پہنچکر گر پڑے
دور سے آتی ہین اب یورار تیری دیکھکر

غرق عالم کو نکرنا اے سمجھ بہر خدا
ڈر ہی مجکو چشم دریا بار تیری دیکھکر

نہین ہے زلف مشکین جلوہ گر اوس بت کی گردن پر
یہ ٹکڑا ابر کا سایہ فگن ہی ماہ روشن پر

مسی ملا لبید لب سے یار کی رہتی ہی شہر سبز
سفید شبنم کی قطری ہی پسینا روی تر سبز

وہ گل ہی سر سے لیکر تا قدم اک نور کا پتلا
نہ کیون ہو لاف زن قد اوسکا نخل دست امین سبز

نقاب اپنے رخ روشن پہ جب سے اوسنی ڈالی ہی
رہا کرتا ہون پروانہ چراغ زیر دامن پر

سوا نیزہ پہ خورشید قیامت جلوہ گری ہی
عیان ہی جلوہ روی صنم ہاتھ توسن پر

بہت تو کوشش تھا صبح کو خوان ہو گیا اوسکا
شفق کا خون ہی ای سحر اب تیری گردن پر

جسم صاف یار پر زیبندہ ہی ملبوس سبز
شمع ساعد شعلہ پنجہ آستین فانوس سبز

اوس سہی قد کو نکیون پوشاک ہو مانوس سبز
سرو کا گلشن مین آتا ہی نظر ملبوس سبز

سنگ سائی فلک پامال کر دی فوج غم
چار دن کو ہو اگر گشت دل مانوس سبز

زرد رو پیش خط ابر شب یاس ای سیاہ
مشعل طوطی کو ہی اہ جرقہ سا لوح سبز

بکتا کب کو ہی رو کرتا ہہ رو شط رخسار
تیرہی آگی کیا ہوا سی گل جلوہ طاؤس سبز

کھا لیا تیر ہی شجہ کی قبا پر بہ شبک
کیون ای ہوا سی کلبدان تنگ طاؤس سبز

پشت لب نیلی ہوی جوش نے اکت دیکھنا
ہی خوبی سبزہ سی پیش از کنار و بوس سبز

ای سحر ہون کشتۂ سرو خیاں سبز رنگ
چادر تربت بھی ہو مثل پر طاؤس سبز

کیون تری زلف سی ہے کاکل خمدار دراز
روز محشر سی ہی فرقت کی شب تار دراز

ذکر کاکل ہی تصور مین تری ہر دم زبان
مثل شب ہی کوتاہ کہانی ہی مری یار دراز

شمع ساں تا بفنا خشک نہ نکلی مری آنسو
رشتۂ جان سی بھی ہی آنسو کی تار دراز

ہر گھڑی کرتی ہو ثابت مری تا ہی عقل
یون زبان تھی کبھی صاحب کی نہ زنہار دراز

قتل وہ ابرو کج کرتی ہین تا مژگان کو
کسقدر ہی مری سفاک کی تلوار دراز

آستین اپنی دمی بخیہ ہی شب نشتر و نما
آبلہ انیزہ سی صحرا کا ہر اک خار دراز

دشت غربت مین تن رہ گشتہ کا تا بہ دما
خضر و عیسی سی تری عمر ہوا ہی یار دراز

حیرت افزا ہی تری گردن و تا بان کا خم
شمع سی شعلہ ہی اے شوخ ستمگار دراز

قصہ واطلع کیا حسن نے اوا پر تیرے
زانو کی مرغ گلستان سی ہی منقار دراز

دل شوریدہ نی دمی یار کی زلفون کا خیال
سیر ہی منصور سی ہر چند نہ تھی دار دراز

طوق محبت ہوا تا بہ ہی گلا ہر نیمین دلیل
پیش از ین تھی نہ زبان ہی تہ طومار دراز

لب لیگون پہ نہین ہی تری مژگان کی نگاہ
ساغر می پہ کیی ہاتھہ نہین می خوار دراز

کب تھا یوسف پہ یہ انبوہ خریداروں کا
لکھنؤ سی ہی کہان مصر کا بازار دراز

ہجر مہوش مین ہین سرگشتہ ہم آوارہ وطن
کر لی دست ستم ای چرخ جفا کار دراز

عین حجت ہی حماقت پہ یہ ای ناشنگ
ہی دم خرسی جو شعلہ ترا مکار دراز

ای سحر ظلم مین مظالم ہین برابر دونون
ایک ہی کاٹ مین چھوٹی ہو کہ تلوار دراز

مہندی ہے جو وہان رنگ ترا ای کف افسوس
خونناب دل سہیان ہی حنای کف افسوس

گلشن سی گیا کون جواب آتی ہی ہم کو
ہر برگ کی جنبش سی صدای کف افسوس

رہتا ہی مری غم مین اگر سینہ زنان دف
پیدا ہی جلاجل سی صدای کف افسوس

تو یاہی نگارین سی ہمین کرتا ہی پامال
ملتی ہین کھڑی اپنی پرای کف افسوس

تا زیست عیادت کو نہ آئی مری صاحب
کیون نعش پہ ملتی ہوی آئی کف افسوس

ہاتھون مین وہان غیر لگاتی ہین جو مہندی
خونناب جگر سہیان ہی حنای کف افسوس

ملتا ہون بس ہاتھہ ترا ہجر مین دن رات
تربت سی بھی آتی ہی صدای کف افسوس

رونی کی عوض آ کی ہنسو میری سہانی | پامال کرو نعش بجائی کف افسوس

انجام ہی شادی کا سحر رنج و مصیبت
آواز جلاجل ہی صدائی کف افسوس

جھالون کے موتی ہین رخ دلبر کی آس پاس | تارے ہین جلوہ گر مہ انور کی آس پاس
چنپا کلی نہین رخ انور کی آس پاس | پھوٹی کرن ہی مہر منور کی آس پاس
شیرین لبون کے گرد پھرین کیون نہ بوالہوس | مجمع مگس کا ہوتا ہی شکر کی آس پاس
قاتل نی سر اوتار کی ممنون یہ کر لیا | پھرتی ہی روح دستہ خنجر کی آس پاس
ای محتسب یہ ای خدا کرنہ اتہام | مین کب گیا تبان ہمنبر کی آس پاس
کنڈل نہین ہین چاند سی عارض پہ جلوہ گر | ہالہ ہی نور کا مہ انور کی آس پاس
ظلمت گریز کرتی ہی جب آفتاب سے | کیا آئی سایہ یار کی پیکر کی آس پاس
بلبل ہمون اوس چمن کا نہین جسمین دخل غیر | کاٹی نہین ہین میرے گل تر کی آس پاس
ساقی نی آفتاب کا ہالہ بنا دیا | خط طلا نہین لب ساغر کی آس پاس
ہیری کی بجلیون کی تڑپ دیکھنا کہ ہین | دو برق ایک مہر منور کی آس پاس

کمانون کی بجلیان ہین نخ کی اودھم ہین دو ہلال اک مہ انور کی آس پاس

چھپ چھپ کے روز خانۂ اغیار کو گیا ہو سنکلا مہ جبین مری گھر کی آس پاس

بگڑا بھی حور وش تو بمنت بنائی بات گو تھی بشر گئی نہ کبھی شر کی آس پاس

سودای زلف یار کا چھوٹی نہ سلسلہ زنجیر ہین کھدو قبر پہ چادر کی آس پاس

شیعون کو خوف تشنگی حشر کیا سحر
کوثر پہ ہونگی ساقی کوثر کی آس پاس

رنگ لاتی ہی جنون فصل بہاران ہر برس چاک کرتا ہون بر نگ گل گریبان ہر برس

فصل گل مین داغ ہوتے ہین فزون ہر برس خوشقدو نبتا ہو مین سرو چراغان ہر برس

گل کھلاتا ہی گل رخسار جانان ہر برس سینہ ہو جاتا ہی داغون سے گلستان ہر برس

ہی رولاتا مجکو رو کر ابر باران ہر برس جوش زن آنکھون سے ہوتا ہی طوفان ہر برس

فصل گل مین کرتا ہون طوف بیابان ہر برس پیشکش ہی سو دست خار دامان ہر برس

خانۂ زنجیر قدمون سی مری آباد ہی ای جنون آباد کرتا ہو مین زندان ہر برس

